Roll No. ....

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **8**

APG–1015

M.A. (Previous) Examination, 2021

URDU

Paper–I

(Ghazal)

*Time : **1½** Hours*] [*Maximum Marks : **100***

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں لکھئے۔

(i) کس شاعر کو اردو شاعری کا بابا آدم کہا جاتا ہے؟

(ii) میرؔ کی شاعری میں غم کا عنصر کہاں تک پایا جاتا ہے؟

(iii) سوداؔ کی غزل کے آہنگ کا بنیادی وصف کیا ہے؟

(iv) ناسخؔ کی شاعری سے پیکر تراشی کی کوئی مثال دیجئے۔

(v) غالب کی شاعری میں تفکر کے عنصر کی نشاندہی کیجئے۔

(vi) زبان کے چٹخارے کے لئے کس شاعر کی شاعری مشہور ہے؟

(vii) میرؔ کی سادہ گوئی میں آتشؔ کے کلام کی رنگینی کی آمیزش سے کس شاعر نے اپنے شعری اسلوب کی بنیاد رکھی؟

(viii) یاسؔ یگانہؔ چنگیزی کا اصل نام کیا تھا؟

(ix) ''نیا عہد نامہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(x) نصاب میں شامل کس شاعر نے اپنی غزلوں میں ہندوستانی تہذیبی عناصر کو شامل کرنے کی کوشش کی ہے؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

ہدایت: اس حصہ سے کن ہی پانچ سوالات کے جواب دیجئے۔ جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔

2 مندرجہ ذیل اشعار میں سے تین اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(i)

دیکھنا ہر صبح تجھ رخسار کا

ہے مطالعہ مطلع انوار کا

(ii)

عیاں ہے ہر طرف عالم میں حسن بے حجاب اُس کا

بغیر از دیدۂ حیرت نہیں جگ میں نقاب اُس کا

(iii)

آتش بلند دل کی نہ تھی ورنہ اے کلیم
یک شعلہ خرمنِ صد کوہِ طور تھا

(iv)

اب کوفت سے ہجراں کی جہاں تن پہ رکھا ہاتھ
جو درد و الم تھا سو کہے تو کہ وہیں تھا

(v)

گل پھینکے ہے عالم کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے خانہ بر اندازِ چمن! کچھ تو ادھر بھی

3 غزل کی ہیئت اوراس کے فنی پہلوؤں پر روشنی ڈالئے۔

4 غالب کی غزل گوئی کا جائزہ لیجئے۔

5 سوداؔ کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے۔

6 شادؔ عظیم آبادی کی غزل گوئی کی خوبیاں بیان کیجئے۔

7 ناصرؔ کاظمی کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

8 بیسویں صدی میں اردو غزل کے رجحانات پر روشنی ڈالئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے صرف دو(2) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں دیجیے۔

9 مندرجہ ذیل اشعار میں سے دس شعروں کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجیے۔

(i)

سرزد ہم سے بے ادبی تو وحشت میں بھی کم ہی ہوئی

کوسوں اُس کی اور گئے، پر سجدہ ہر ہر گام کیا

(ii)

نہ اتنا بارشِ تیغِ جفا پر ناز فرماؤ

مرے دریائے بے تابی میں ہے اک موجِ خوں وہ بھی

(iii)

نہ کرتا کاش نالہ مجھ کو کیا معلوم تھا ہم دم

کہ ہوگا باعثِ افزائشِ دردِ دروں وہ بھی

(iv)

گھر میں تھا کیا کہ ترا غم جسے غارت کرتا

وہ جو رکھتے تھے ہم اک حسرتِ تعمیر، سو ہے

(v)

اندوہ و درد و یاس و غم و رنج اپنے پاس

جو کچھ ہے وہ تمہاری عنایت سے کم نہیں

(vi)

محبت میں مزا ہے چھیڑ کا لیکن مزے کی ہو

ہزاروں لطف ہر اک شکوۂ باطل میں رہتے ہیں

(vii)

آزردگیِ حسن بھی کس درجہ شوخ ہے

اشکوں میں تیرتی ہوئی کچھ مسکراہٹیں

(viii)

ایک عالم پر نہیں رہتی ہیں کیفیات عشق
گاہ ریگستاں بھی دریا گاہ دریا بھی سراب

(ix)

نگہ کی برچھیاں جو سہہ سکے، سینہ اسی کا ہے
ہمارا آپ کا جینا نہیں ، جینا اسی کا ہے

(x)

تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں
کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

(xi)

چین دے گا نہ مجھے تازہ اسیری کا خیال
دھیان اس کا نہ تجھے حسرتِ پرواز، آیا

(xii)

اسی فریب نے مارا کہ کل ہے کتنی دور
اس آج کل میں عبث دن گنوائے ہیں کیا کیا

(xiii)

سنا ہے رنَ ِ زمانہ کا اعتبار نہیں
بدل نہ جائے یقیں سے کہیں گماں اپنا

(xiv)

نظام دہر نے کیا کیا نہ کروٹیں بدلیں
مگر ہم ایک ہی پہلو سے بے قرار رہے

(xv)

خود اپنی آگ میں جلتا تو کیمیا ہوتا
مزاج داں نہ تھا پروانہ شمع محفل کا

10 ولؔی کی غزل گوئی کی خوبیاں مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

11 فراؔق کی غزل کے امتیازی پہلو اُجاگر کیجئے۔

12 انیسویں صدی تک اردو غزل کے ارتقائی سفر پر روشنی ڈالئے۔